31. Say (O Muhammad): "Who provides for you from the sky and the earth, or who owns hearing and sight, and who brings forth the living from the dead, and brings forth the dead from the living, and who disposes the affairs." They will say: "Allah." Then say: "Will you not then fear (Allah)."	قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٣١﴾	(ان سے) پُوچھو کون رزق دیتا ہے تم کو آسمان سے اور زمین سے یا کون مالک ہے تمہارے سُننے اور دیکھنے (کی قوتوں) کا اور کون نکالتا ہے جاندار کو بے جان سے اور (کون) نکالتا ہے بے جان کو جاندار سے اور کون انتظام کرتا ہے تمام اُمور کا؟ تو وہ ضرور کہیں گے ۔اللہ۔ سو کہو! کیا پھر نہیں ڈرتے تم ﴿٣١﴾
32. Such then is Allah, your Lord in truth. So what else is there, after the truth, except error. How then are you turned away.	فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚۖ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٣٢﴾	سو یہ ہے اللہ تمہارا رب حقیقی، پھر اب کیا (رہ گیا) ہے حق کے بعد، سوائے گمراہی کے، آخر کس (غلط) سمت پھرائے جا رہے ہو تم؟ ﴿٣٢﴾
33. Thus is the word of your Lord proved true against those who disobeyed, that they will not believe.	كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾	اس طرح سچ (ثابت) ہو گئی تمہارے رب کی بات اُن لوگوں پر جو فاسق تھے کہ "وہ نہیں ایمان لائیں گے" ﴿٣٣﴾

34. Say: "Is there of your (Allah's so called) partners, any who originates the creation, then repeats it." Say: "Allah originates the creation, then He repeats it. How then, are you being turned away."	قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾	پوچھو ! کیا تمہارے ٹھہرائے ہُوئے شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو ابتدا کرے تخلیق کی پھر اس کا اعادہ بھی کرے کہو ! یہ اللہ ہی ہے جو ابتدا بھی کرتا ہے تخلیق کی پھر اُس کا اعادہ بھی کرتا ہے پھر کس الٹی راہ پر تم چلائے جا رہے ہو ﴿۳۴﴾
35. Say: "Is there of your (Allah's so called) partners, any who guides to the truth." Say: "Allah guides to the truth. Is then He, who guides to the truth, more worthy to be followed, or he who guides not unless he is guided. Then, what is (the matter) with you. How do you judge."	قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾	پوچھو ! کیا تمہارے ٹھہرائے ہُوئے شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو رہنمائی کرے حق کی طرف کہو ! یہ اللہ ہی ہے جو ہدایت دیتا ہے حق کی پھر بھلا وہ جو ہدایت دیتا ہے حق کی طرف زیادہ مستحق ہے اس بات کا کہ اُس کی پیروی کی جائے یا وہ جو خود بھی راہ نہیں پاتا اِلّا یہ کہ اُس کی رہنمائی کی جائے، تو کیا ہو گیا ہے تم کو، کیسے (اُلٹے پُلٹے) فیصلے کرتے ہو تم ؟ ﴿۳۵﴾
36. And most of them follow not but conjecture. Indeed, conjecture can be of no avail against the truth, at all. Indeed, Allah is All Aware of what they do.	وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾	اور نہیں پیروی کرتے ہیں اِن میں اکثر لوگ مگر گمان اور قیاس کی حالانکہ گمان نہیں پُوری کرتا ضرورت حق کی ذرا بھی بیشک اللہ پُوری طرح باخبر ہے ان (اعمال) سے جو یہ کرتے ہیں ﴿۳۶﴾
37. And this Quran is not such as could be produced (by anyone) other than Allah. But (it is) a confirmation of that which was before it, and an explanation of the Book, there is no doubt wherein, from the Lord of the worlds.	وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾	اور نہیں ہے یہ قرآن ایسا کہ گھڑ لیا جائے (اپنی طرف سے) بغیر اللہ (کی وحی) کے بلکہ (یہ تو) تصدیق ہے اُس کی جو اُس سے پہلے آ چکا ہے اور تفصیل ہے الکتاب کی، نہیں کوئی شک اس میں یہ رب العالمین کی طرف سے ہے ﴿۳۷﴾

38. Or do they say: "He (Muhammad) has invented it." Say: "Then bring forth a surah like it, and call upon (for help) whomsoever you can, besides Allah, if you are truthful."	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾
39. Nay, but they have denied that which they could not comprehend in knowledge, and has not (yet) come to them its interpretation. Thus did deny those before them. Then see how was the end of the wrong doers.	بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾
40. And among them are those who believes in it, and among them are those who do not believe in it. And your Lord is Best Aware of the corrupters.	وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾
41. And if they deny you, then say: "For me are my deeds, and for you are your deeds. You are disassociated of what I do, and I am disassociated of what you do."	وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾
42. And among them are those who listen to you. So can you make the deaf to hear, even though they apprehend not.	وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾

کیا یہ کہتے ہیں کہ اسے گھڑ لیا ہے (خود نبی نے)
کہو اچھا تو (بنا) لاؤ ایک سُورت اس جیسی
اور بلا لو (اس کام کے لیے) جن کو بلا سکتے ہو تم اللہ کے سوا،
اگر ہو تم سچے ﴿۳۸﴾
حقیقت یہ ہے کہ جھٹلایا اُنہوں نے اُن باتوں کو جو
نہیں آئیں گرفت میں اُن کے علم کی اور نہیں آئی اُن کے سامنے
(ابھی) اُس کی حقیقت۔ اسی طرح جھٹلایا تھا اُن لوگوں نے جو
ان سے پہلے گزر چکے ہیں سو دیکھ لو کیا ہُوا
انجام ظلم کرنے والوں کا ﴿۳۹﴾
اور اُن میں سے کچھ ایسے ہیں جو ایمان لائیں گے اس پر
اور کچھ ایسے ہیں جو ایمان نہیں لائیں گے اس پر
اور تیرا رب خوب جانتا ہے اُن مفسدوں کو ﴿۴۰﴾
اور اگر یہ تمہیں جھٹلاتے ہیں تو کہہ دو! میرے لیے ہے
میرا عمل اور تمہارے لیے ہے تمہارا عمل، تم بَری ہو
اُن اعمال (کی ذمہ داری) سے جو میں کرتا ہوں اور میں
بَری ہوں اُن اعمال (کی ذمہ داری) سے جو تم کرتے ہو ﴿۴۱﴾
اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو کان لگاتے ہیں
تمہاری طرف۔ تو بھلا تم سُناؤ گے بہروں کو
اگرچہ وہ کچھ نہ سمجھتے ہوں ﴿۴۲﴾

43. And among them are those who look towards you. So can you guide the blind, even though they see not.	وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِى الْعُمْىَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾	اوران میں سے بعض ایسے ہیں جو دیکھتے ہیں تمہاری طرف لیکن کیا تم راہ دکھاؤ گے اندھوں کو خواہ اُنہیں کچھ نہ سوجھتا ہو ﴿۴۳﴾
44. Indeed, Allah does not wrong mankind at all, but mankind wrong themselves.	اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾	یقیناً اللہ نہیں ظلم کرتا انسانوں پر ذرا بھی لیکن انسان خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں ﴿۴۴﴾
45. And the day (when) He will gather them, (it will seem) as if they had not stayed (in the world) but an hour of the day. They will recognize each other. Ruined indeed will be those who denied the meeting with Allah, and they were not guided.	وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۴۵﴾	اور جس دن جمع کرے گا وہ اُنہیں تو (وہ ایسا محسوس کریں گے) گویا کہ نہیں رہے تھے (دُنیا میں) مگر ایک گھڑی دن کی (جس میں وہ) جان پہچان کریں آپس میں ۔ یقیناً سخت گھاٹے میں پڑ گئے وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا اللہ سے ملاقات کو اور نہ ہُوئے وہ ہدایت پانے والے ﴿۴۵﴾
46. And whether We show you (O Muhammad) some of that which We promise them, or We cause you to die, still unto Us is their return, then Allah is a witness over what they are doing.	وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾	خواہ ہم دکھادیں تم کو بعض وہ (نتائج) جن سے ہم اُنہیں ڈرا رہے ہیں یا اُٹھالیں ہم تمہیں تو بھی ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے ان سب کو، پھر اللہ خود شاہد ہے ۔ اس پر جو یہ کر رہے ہیں ﴿۴۶﴾
47. And for every nation is a messenger. Then when their messenger comes, it will be judged between them with justice, and they will not be wronged.	وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾	اور ہر اُمّت کے لیے ایک رسُول ہے، پھر جب آجاتا ہے ان کا رسُول اُن کے پاس تو فیصلہ کر دیا جاتا ہے اُن کے درمیان پُورے انصاف کے ساتھ اور اُن پر ظلم نہیں کیا جاتا ﴿۴۷﴾

48. And they say: "When will this promise be (fulfilled), if you are truthful."	وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿٤٨﴾	اور کہتے ہیں کہ کب پوری ہوگی تمہاری یہ دھمکی، اگر ہو تم سچے ﴿٤٨﴾
49. Say: (O Muhammad): "I have no power for myself to harm, nor to benefit, except that which Allah wills. For every nation there is a term (appointed). When their term is reached, then neither can they delay (it) an hour, nor can they advance.	قُلْ لَّآ أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ إِذَا جَآءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾	کہو (اُن سے) کہ نہیں اختیار رکھتا میں اپنی ذات کے لیے بھی کسی نقصان کا اور نہ فائدے کا مگر وہ جو چاہے اللہ ہر اُمت کی ایک مُدت (مہلت) مقرر ہے۔ جب آجاتا ہے اُن کا وقتِ مقرر تو نہیں پیچھے رہ سکتے وہ ایک گھڑی بھر اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں ﴿٤٩﴾
50. Say: "Do you see, if His punishment should come to you by night or by day, what (part) of it would the criminals seek to hasten."	قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَتٰىكُمْ عَذَابُهُۥ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٠﴾	کہو! کبھی سوچا ہے تم نے کہ اگر آجائے تم پر اللہ کا عذاب رات کو یا دن کو (تو تم کیا کر سکتے ہو) پھر آخر کیا ہے وہ چیز کہ جلدی مچا رہے ہیں جس کے لیے یہ مجرم؟ ﴿٥٠﴾
51. Is it then, when it has befallen, you will believe in it. What, now (you believe). And indeed, you have been hastening it on.	أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ ءَامَنْتُمْ بِهِۦٓ ءَآلْـَٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهِۦ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾	کیا پھر جب (عذاب) آ ہی پڑے گا تب یقین کرو گے تم اس کا؟ (اس وقت کہا جائے گا) کہ اب (مانا تم نے)؟ حالانکہ اسی کے لیے جلدی مچا رہے تھے تم ﴿٥١﴾
52. Then it will be said to those who had wronged: "Taste the enduring punishment. Have you been recompensed except for what you used to earn."	ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿٥٢﴾	پھر کہا جائے گا ان لوگوں سے جنہوں نے ظلم کیا (اپنے اوپر) اب چکھو مزا دائمی عذاب کا، نہیں بدلہ دیا جائے گا تمہیں مگر اُسی کا جو تم کماتے رہے ﴿٥٢﴾

53. And they ask information of you (O Muhammad) (saying): "Is it true." Say: "Yes, by my Lord, indeed it is truth. And you cannot escape."	وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِىْ وَرَبِّىْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾	اور دریافت کرتے ہیں تم سے کیا واقعی سچ ہے جو تم کہہ رہے ہو؟ کہو ہاں! قسم میرے رب کی یقیناً یہ بالکل سچ ہے اور نہیں ہو تم (اُسے) عاجز کرنے والے ﴿۵۳﴾
54. And if each soul who had wronged had all that is on the earth, it would offer it in ransom (it will not be accepted). And they will feel remorse when they see the punishment. And the judgment between them will be with justice, and they will not be wronged.	وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِى الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾	اور اگر کہیں ہو ہر اُس شخص کے پاس جس نے ظلم کیا، وہ سب کچھ جو زمین میں ہے تو وہ ضرور فدیہ میں دے دے اُسے (عذاب سے بچنے کے لیے) اور دل ہی دل میں پچھتائیں گے جب دیکھیں گے وہ عذاب کو، مگر فیصلہ کیا جائے گا اُن کے درمیان انصاف کے مطابق اور اُن پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا ﴿۵۴﴾
55. No doubt, surely to Allah belongs whatever is in the heavens and the earth. No doubt, surely the promise of Allah is true. But most of them do not know.	اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾	سن رکھو! بے شک اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔ اور یہ بھی سُن رکھو کہ بے شک وعدہ اللہ کا سچا ہے لیکن اکثر ان میں سے نہیں جانتے ﴿۵۵﴾
56. It is He who gives life and causes death, and to Him you will be returned.	هُوَ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾	وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور اُسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے ﴿۵۶﴾
57. O mankind, there has indeed come to you an advice from your Lord, and a healing for what (disease) is in the breasts, and a guidance and a mercy for the believers.	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾	اے انسانو! بے شک آگئی ہے تمہارے پاس نصیحت تمہارے رب کی طرف سے اور وہ شفا ہے ان (بیماریوں) کی جو دلوں میں ہیں۔ اور ہدایت اور رحمت ہے مومنوں کے لیے ﴿۵۷﴾

58. Say: "In the bounty of Allah and in His mercy, so in that let them rejoice." It is better than what (the riches) they accumulate.	قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾	کہو! یہ (نزولِ قرآن) اللہ کے فضل اور اُس کی رحمت سے ہے سو اس پر چاہیے اُن کو خوش ہونا۔ یہ بہتر ہے اُن سب چیزوں سے جو یہ جمع کر رہے ہیں ﴿۵۸﴾
59. Say: (O Muhammad), "Have you seen what Allah has sent down for you of provision, then you have made of it unlawful and lawful." Say: "Has Allah permitted you, or do you invent a lie against Allah."	قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾	کہو! کبھی تم نے سوچا کہ جو نازل کیا ہے اللہ نے تمہارے لیے رزق پھر تم نے ٹھہرا لیا اُس میں سے کچھ حرام اور (کچھ) حلال۔ کہو! (ان سے) کیا اللہ نے اجازت دی تھی (اس کی) تمہیں یا اللہ پر بہتان باندھتے ہو تم ﴿۵۹﴾
60. And what think those who invent lies against Allah on the Day of Resurrection. Indeed, Allah is full of bounty to mankind, but most of them are not grateful.	وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾	اور کیا گمان ہے اُن لوگوں کا جو گھڑتے ہیں اللہ پر جھوٹ، (اُن کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا) قیامت کے دن واقعہ یہ ہے کہ اللہ تو بڑا مہربان ہے انسانوں پر لیکن ان کی اکثریت شکر ادا نہیں کرتی ﴿۶۰﴾

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۶۱	61. And (O Muhammad) you are not (engaged) in any matter, and you do not recite any (portion) of the Quran, and you (mankind) do not do any deed, except that We are witness over you when you are engaged therein. And not absent from your Lord is (so much as) of the weight of an atom on the earth, nor in the heaven, nor smaller than that, nor greater, except (it is written) in a clear Book.	اور نہیں ہوتے تم (اے نبیؐ) کسی حال میں اور نہیں تلاوت کرتے تم کچھ قرآن میں سے اور نہیں کرتے تم لوگ کوئی عمل مگر ہوتے ہیں ہم تمہارے پاس حاضر، جب مصروف ہوتے ہو تم اس میں اور نہیں پوشیدہ تمہارے رب سے ذرّہ کے برابر (کوئی چیز) ، زمین میں اور نہ آسمان میں اور نہیں کوئی چھوٹی چیز اس سے بھی اور نہ کوئی بڑی چیز مگر وہ (درج) ہے کتاب مُبین میں ۝۶۱
اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۶۲	62. No doubt, indeed the friends of Allah (are those), no fear (shall come) upon them nor shall they grieve.	یاد رکھو! بے شک جو دوست ہیں اللہ کے، نہیں ہے کوئی خوف اُن کے لیے اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے ۝۶۲
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۶۳	63. Those who believed and used to fear (Allah).	یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور (گناہوں سے) بچتے رہے ۝۶۳
لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۶۴	64. For them are good tidings in the life of the world and in the Hereafter. The words of Allah shall not change. That is indeed the supreme success.	اُن کے لیے خوشخبری ہے دنیاوی زندگی میں اور آخرت میں بھی، نہیں بدل سکتیں باتیں اللہ کی۔ یہ (خوشخبری) ہی ہے عظیم کامیابی ۝۶۴
وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶۵	65. And let not their talk grieve you (O Muhammad). Indeed, honor (due to power) belongs to Allah entirely. He is the All Hearer, the All Knower.	اور نہ رنجیدہ کریں تم کو اُن کی باتیں بے شک عزت اللہ ہی کے لیے ہے ساری کی ساری وہ ہر بات سُننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے ۝۶۵

66. No doubt, surely to Allah belongs whoever is in the heavens and whoever is on the earth. And those who call upon others besides Allah do not (actually) follow (His so called) partners. They do not follow but a conjecture, and they do not but falsify.	اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَاۗءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝۶۶	یاد رکھو بے شک اللہ ہی کی ملک ہیں جو بستے ہیں آسمانوں میں اور جو بستے ہیں زمین میں ۔ اور نہیں پیچھے لگے ہوئے ہیں یہ لوگ جو پکارتے ہیں اللہ کے سوا (دوسرے) شریکوں کو۔ نہیں پیچھے لگے ہوئے ہیں یہ مگر گمان کے اور نہیں ہیں وہ سوائے اس کے کچھ کہ قیاس آرائیاں کرتے ہیں ۝۶۶
67. He it is who made for you the night that you may rest therein, and the day giving sight. Indeed, in that are signs for a people who listen.	هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝۶۷	وہی تو ہے جس نے بنایا تمہارے لیے رات کو تاکہ سکون حاصل کرو اس میں اور دن کو روشن بے شک اس (صناعی) میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سننے کی صلاحیت رکھتے ہیں ۝۶۷
68. They say: "Allah has taken (unto Him) a son. Glory be to Him. He is self sufficient. To Him belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. You have no authority for this (claim of son). Do you say about Allah that which you do not know."	قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۶۸	کہتے ہیں کہ بنایا ہے اللہ نے (کسی کو) بیٹا، پاک ہے وہ (اس سے)۔ وہ تو بے نیاز ہے اُسی کی ملک ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں۔ نہیں ہے تمہارے پاس کوئی سند اس (قولِ باطل) کی۔ کیا کہتے ہو تم اللہ کے بارے میں وہ باتیں جن کے متعلق تم کچھ نہیں جانتے؟ ۝۶۸
69. Say: "Indeed, those who invent lie against Allah will not be successful."	قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝۶۹	کہہ دو! یقیناً وہ لوگ جو باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹ، وہ کبھی فلاح نہیں پائیں گے ۝۶۹
70. An enjoyment in this world, then to Us will be their return, then We shall make them taste the severe punishment because they used to disbelieve.	مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۷۰	تھوڑا سا فائدہ اُٹھالیں، اس دُنیا میں پھر ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے ان کو پھر چکھائیں گے ہم اُنہیں مزا سخت عذاب کا، اس بنا پر کہ وہ کفر کرتے رہے ۝۷۰

71. And recite to them the news of Noah, when he said to his people: "O my people, if it is hard on you, my staying (here) and my reminding (you) of the signs of Allah, then I have put my trust in Allah. So resolve upon your course of action and (call upon) your partners. Then, let not your course of action be obscure to you. Then carry it out against me, and do not give me respite."	وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿٧١﴾	اور سُناؤ اُن کو احوال نوحؑ کا - جب کہا اُنہوں نے اپنی قوم سے، اے میری قوم! اگر ہے ناقابلِ برداشت تمہارے لیے، میرا تمہارے درمیان رہنا اور نصیحت کرنا اللہ کی آیات سُنا کر تو اللہ پر ہے میرا بھروسہ سو تم پختہ کرلو اپنی تدبیر مع اپنے شرکا کے اس طرح کہ نہ رہے تمہارے معاملات میں تم کو کوئی شُبہ پھر کر گزرو تم میرے ساتھ (جو کرنا ہے) اور مجھے ذرا بھی مُہلت نہ دو ﴿٧١﴾
72. So if you turn away, then I have not asked you for any payment. My payment is only from Allah. And I am commanded to be of those who surrender (unto Him).	فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٧٢﴾	پھر اگر تم منہ موڑتے ہو تو (میرا کیا نقصان ہے) نہیں مانگتا میں تم سے کوئی اجر نہیں ہے میرا اجر مگر ذمہ اللہ کے اور حکم دیا گیا ہے مجھے کہ رہوں میں فرمانبردار بن کر ﴿٧٢﴾
73. Then they denied him, so We saved him and those with him in the Ark. And We made them inherit (the earth), and We drowned those who denied Our signs. See then how was the end of those who were warned.	فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰۗىِٕفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾	لیکن اُنہوں نے جھٹلایا اُسے تو نجات دے دی ہم نے اُسے اور اُن (لوگوں) کو جو اُس کے ساتھ تھے کشتی میں اور بنایا ہم نے اُن کو (زمین میں) خلیفہ اور غرق کر دیا ہم نے اُن لوگوں کو جنہوں نے جھٹلایا تھا ہماری آیات کو سو دیکھ لو کیا ہُوا انجام اُن کا جنہیں متنبہ کر دیا گیا تھا ﴿٧٣﴾

74. Then We sent after him messengers to their people, so they came to them with clear proofs. But they would not believe in that which they denied before. Thus do We seal the hearts of those who transgress.	ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾	پھر بھیجے ہم نے نوحؑ کے بعد کتنے ہی رسول
		اُن کی قوم کی طرف سو وہ آئے اُن کے پاس
		کُھلی کُھلی نشانیاں لے کر مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لے آتے
		چونکہ وہ جھٹلا چکے تھے اس کو پہلے۔ اس طرح
		مہر کر دیتے ہیں ہم دلوں پر حد سے بڑھ جانے والوں کے ﴿۷۴﴾
75. Then We sent after them Moses and Aaron to Pharaoh and his chiefs with Our signs, but they behaved arrogantly and were a criminal people.	ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۷۵﴾	پھر بھیجا ہم نے ان کے بعد موسیٰؑ اور ہارونؑ کو
		طرف فرعون کے اور اُس کے سرداروں کے اپنی نشانیاں دے کر
		تو اُنہوں نے (اپنی بڑائی کا) گھمنڈ کیا
		اور تھے وہ لوگ مجرم ﴿۷۵﴾
76. So when there came to them the truth from Us, they said: "Indeed, this is clear sorcery."	فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾	پھر جب آیا اُن کے سامنے حق ہماری طرف سے
		تو اُنہوں نے کہہ دیا کہ یقیناً ہے یہ کھلا جادُو ﴿۷۶﴾
77. Moses said: "Do you say about the truth when it has come to you. Is this sorcery. And the sorcerers will not succeed."	قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾	کہا موسیٰؑ نے کیا تم کہتے ہو حق کے بارے میں (یہ باتیں)
		جبکہ وہ تمہارے سامنے آگیا ہے ۔ کیا جادو ہے یہ
		حالانکہ نہیں فلاح پاتے (کبھی) جادوگر ﴿۷۷﴾
78. They said: "Have you come to us to turn us away from that (faith) upon which we found our fathers, and you two may have greatness in the land. And we shall not believe in you two."	قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾	اُنہوں نے کہا: کیا آیا ہے تُو ہمارے پاس؟ تاکہ تو ہمیں پھیر دے
		اُس (طریقے) سے کہ پایا ہم نے اُس پر اپنے باپ دادا کو
		اور حاصل ہو جائے تم دونوں کو سرداری اس ملک میں
		اور نہیں ہیں ہم تم دونوں کو ماننے والے کسی حالت میں ﴿۷۸﴾

79. And Pharaoh said: "Bring to me every learned sorcerer."	وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾	اور کہا: فرعون نے کہ حاضر کرو تم میرے پاس ہر قسم کے جادوگر، ماہر فن ﴿٧٩﴾
80. So when the sorcerers came, Moses said to them: "Throw down whatever you will throw."	فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾	پھر جب آ گئے جادوگر تو کہا اُن سے موسیٰؑ نے کہ پھینکو، جو کچھ تمہیں پھینکنا ہے ﴿٨٠﴾
81. Then when they had thrown down, Moses said: "That which you have brought is sorcery. Certainly, Allah will make it vain. Certainly, Allah does not set right the work of corrupters."	فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾	پھر جب اُنہوں نے پھینکا تو کہا موسیٰؑ نے کہ یہ جو کچھ تم لائے ہو یہ جادو ہے۔ یقیناً اللہ نیست و نابود کر دے گا اسے۔ بے شک اللہ نہیں سدھرنے دیتا کام مفسدوں کے ﴿٨١﴾
82. And Allah will establish the truth by His words, even if the criminals dislike it.	وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾	اور سچ کر دکھائے گا اللہ حق کو اپنے احکام سے خواہ ناپسند ہی کیوں نہ کریں (یہ بات) مجرم ﴿٨٢﴾
83. So no one believed in Moses, except (some) offspring among his people, because of the fear of Pharaoh and their chiefs, lest they should persecute them. And indeed Pharaoh was a tyrant in the land. And indeed, He was of those who transgressed (all bounds).	فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٨٣﴾	پس نہ ایمان لائے موسیٰؑ پر مگر چند نوجوان اُس کی قوم میں سے ڈرتے ڈرتے فرعون سے اور اپنے سرداروں سے کہ کہیں مبتلا نہ کر دیں وہ اُنہیں کسی مصیبت میں۔ واقعہ یہ ہے کہ فرعون کو غلبہ حاصل تھا ملک میں اور بے شک تھا وہ حد سے بڑھ جانے والوں میں سے ﴿٨٣﴾
84. And Moses said: "O my people, if you have believed in Allah, then put your trust in Him, if you have surrendered (unto Him)."	وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿٨٤﴾	اور کہا! موسیٰؑ نے، اے میری قوم! اگر لے آئے ہو تم ایمان اللہ پر تو اُسی پر بھروسہ کرو، اگر ہو تم مُسلمان ﴿٨٤﴾

85. So they said: "In Allah we put our trust. Our Lord, do not make us a trial for wrongdoing people."	فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾	تو انہوں نے کہا: اللہ ہی پر بھروسہ کیا ہم نے اے ہمارے مالک! نہ ڈالیو تو ہمیں آزمائش میں ظالم لوگوں کے ہاتھوں ﴿٨٥﴾
86. And save us by Your mercy from the disbelieving people.	وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾	اور نجات دے تو ہمیں اپنی رحمت کے صدقہ کافر لوگوں سے ﴿٨٦﴾
87. And We inspired to Moses and his brother, (saying): "Appoint houses for your people in Egypt, and make your houses as places for worship, and establish prayer. And give glad tidings to the believers."	وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٧﴾	اور وحی بھیجی ہم نے موسیٰؑ اور اُس کے بھائی کی طرف کہ مقرر کرو اپنی قوم کے لیے مصر میں چند گھر اور بناؤ اپنے ان گھروں کو قبلہ رُخ اور قائم کرو نماز ۔ اور خوشخبری سُنا دو مومنوں کو ﴿٨٧﴾
88. And Moses said: "Our Lord, indeed You have given Pharaoh and his chiefs splendor and wealth in the life of the world. Our Lord, that they may lead (people) astray from Your path. Our Lord, destroy their wealth and harden their hearts so that they may not believe until they see the painful punishment."	وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰي قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾	اور کہا: موسیٰؑ نے، اے ہمارے مالک! بے شک تُو نے نواز رکھا ہے فرعون اور اُس کے سرداروں کو زینت سے اور مال و دولت سے دُنیاوی زندگی میں اے ہمارے مالک! (کیا یہ) اس لیے ہے کہ گمراہ کریں یہ تیرے راستے سے ۔ اے ہمارے مالک! غارت کر دے ان کے مال اور سخت کر دے ان کے دلوں کو تاکہ وہ ایمان نہ لائیں جب تک کہ نہ دیکھ لیں دردناک عذاب ﴿٨٨﴾


89. He (Allah) said: "Verily, the prayer of you both has been answered. So keep to the straight path, and follow not the path of those who do not know."	قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾	فرمایا: یقیناً قبول ہوگئی تمہاری دُعا تو تم ثابت قدم رہنا اور نہ پیروی کرنا اُن لوگوں کے طریقے کی جو کچھ نہیں جانتے ﴿٨٩﴾
90. And We led the Children of Israel across the sea. Then Pharaoh and his hosts pursued them in rebellion and enmity. Until, when the drowning overtook him, he said: "I believe that there is no god but Him in whom the Children of Israel believe, and I am of those who surrender (unto Him)."	وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩٠﴾	اور گزار لے گئے ہم بنی اسرائیل کو سمندر سے تو پیچھا کیا اُن کا فرعون اور اُس کے لشکر نے ظلم اور زیادتی کی غرض سے حتّٰی کہ جب ڈوبنے لگا وہ تو بول اُٹھا میں ایمان لایا اس بات پر کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس ہستی کے کہ ایمان لائے ہیں جس پر بنی اسرائیل اور میں بھی ہوں فرمانبرداروں میں سے ﴿٩٠﴾
91. Now (you believe), and indeed you had disobeyed before, and were of the corrupters.	آٰلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٩١﴾	(جواب ملا) کیا اب (ایمان لاتا ہے)؟ حالانکہ تو نافرمانی کرتا رہا پہلے اور تھا تو فساد برپا کرنے والوں میں سے ﴿٩١﴾
92. So this day We shall deliver you in your body, that you may be a sign for those after you. And indeed, many among mankind are heedless of Our signs.	فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿٩٢﴾	سو آج ہم بچالیں گے تیرے جسم کو تاکہ بن جائے تُو اُن لوگوں کے لیے جو تیرے بعد ہوں گے، نشانِ عبرت اور اگرچہ اکثریت انسانوں کی ہماری نشانیوں سے غفلت برتتی ہے ﴿٩٢﴾

93. And indeed, We settled the Children of Israel in a blessed dwelling place, and We provided them with good things. So they differed not until the knowledge had come to them. Indeed, your Lord will judge between them on the Day of Resurrection in that in which they used to differ.	وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝	اور البتہ دیا ہم نے بنی اسرائیل کو ٹھکانا پسندیدہ اور کھانے کو دیں ہم نے اُنہیں پاکیزہ چیزیں، سو نہیں اختلاف کیا اُنہوں نے (باہم) مگر اُس وقت کہ آگیا اُن کے پاس علم۔ بے شک تیرا رب فیصلہ فرمائے گا اُن کے درمیان قیامت کے دن اُن باتوں کا جن میں یہ اختلاف کرتے رہے ۝۹۳
94. So if you (O Muhammad) are in doubt about that which We have revealed to you, then ask those who have been reading the Book before you. The truth has certainly come to you from your Lord, so be not of those who doubt.	فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔـلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝	اور اگر ہے تمہیں کوئی شک ان باتوں کے بارے میں جو ہم نے نازل کی ہیں تمہاری طرف تو پوچھ لو ان لوگوں سے جو پڑھتے ہیں کتاب تم سے پہلے کہ یقیناً آیا ہے تمہارے پاس حق تمہارے رب کی طرف سے لہٰذا ہرگز مت ہونا تم شک کرنے والوں میں سے ۝۹۴
95. And be not you of those who deny the revelations of Allah, for then you shall be among the losers.	وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝	اور ہرگز نہ ہونا اُن میں سے جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیات کو ورنہ ہو جاؤ گے تم نقصان اُٹھانے والوں میں سے ۝۹۵
96. Indeed, those upon whom the word of your Lord has been justified, they will not believe.	اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝	درحقیقت وہ لوگ کہ پورا ہو گیا ہے اُن پر قول تیرے رب کا، وہ ایمان نہ لائیں گے ۝۹۶
97. Even if every sign should come to them, until they see the painful punishment.	وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝	اور اگرچہ آجائیں اُن کے سامنے ساری نشانیاں، جب تک کہ (نہ) دیکھ لیں وہ دردناک عذاب ۝۹۷

98. So why was there not a (single) township (among those We warned) that believed so its belief benefited it, except the people of Jonah. When they believed, We removed from them the punishment of disgrace in the life of the world, and We gave them comfort for a while.	فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۹۸﴾	پھر کیوں نہ ہوئی کوئی بستی کہ ایمان لائی ہو (عذاب دیکھ کر) اور فائدہ پہنچایا ہو اُس کو اُس کے ایمان نے سوائے قومِ یُونسؑ کے۔ کہ جب ایمان لائے وہ لوگ ہٹا دیا ہم نے اُن سے ذلّت آمیز عذاب دُنیا کی زندگی میں اور بہرہ مند ہونے کا موقع دیا اُنہیں ایک مُدت تک ﴿۹۸﴾
99. And if your Lord willed, those on earth would have believed, all of them together. Will you (O Muhammad) then compel mankind, until they become believers.	وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِى الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾	اور اگر چاہتا تیرا رب تو ضرور ایمان لے آتے جو بھی ہیں زمین میں سب کے سب تو کیا تم زبردستی کرو گے انسانوں پر تاکہ ہو جائیں وہ مومن؟ ﴿۹۹﴾
100. And it is not for a soul to believe, except by the permission of Allah. And He has set uncleanness upon those who will not understand.	وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾	جبکہ نہیں ہے اختیار کسی جان کو کہ ایمان لائے بغیر اللہ کی اجازت کے۔ اور ڈالتا ہے وہ (وکفر کی) نجاست اُن لوگوں پر جو عقل و سمجھ سے کام نہیں لیتے ﴿۱۰۰﴾
101. Say: "Behold all that is in the heavens and the earth." And of no avail will be signs and warners to a people who do not believe.	قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِى الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾	کہو! ذرا دیکھو، تو کیا کیا (نشانیاں) ہیں آسمانوں میں اور زمین میں۔ اور نہیں فائدہ پہنچاتیں نشانیاں اور تنبیہات اُن لوگوں کو جو ایمان نہیں لاتے ﴿۱۰۱﴾
102. Then do they wait for (anything) except like the days of those who passed away before them. Say: "Wait then, indeed, I am with you among those who are waiting."	فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾	سو اب نہیں انتظار کر رہے ہیں یہ بھی مگر اُنہی کے سے (بُرے) دنوں کا جو گزر چکے ہیں ان سے پہلے کہہ دو! اچھا تو اب انتظار کرو اور میں بھی ہوں تمہارے ساتھ شامل انتظار کرنے والوں میں ﴿۱۰۲﴾

103. Then We will save Our messengers and those who have believed. Thus, it is incumbent upon Us to save the believers.	ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾	پھر (جب ایسا وقت آتا ہے تو) نجات دیتے ہیں ہم اپنے رسولوں کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اسی طرح۔ ہمارا ذمہ ہے کہ نجات دیں مومنوں کو ﴿١٠٣﴾
104. Say (O Muhammad): "O mankind, if you are in doubt of my religion, then (know that) I do not worship those whom you worship besides Allah. But I worship Allah who causes you to die. And I have been commanded to be of the believers."	قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٤﴾	کہو اے انسانو! اگر ہو تم مُبتلا کسی شک میں میرے دین کے بارے میں (تو سُن لو) مَیں تو نہیں عبادت کروں گا اُن کی جن کی تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا۔ بلکہ مَیں تو عبادت کروں گا اُس اللہ کی جس کے قبضے میں ہے تمہاری موت اور مجھے حُکم دیا گیا ہے کہ ہو جاؤں میں ایمان والوں میں سے ﴿١٠٤﴾
105. And that (O Muhammad), direct your face toward the religion, as by nature upright, and do not be of those who associate partners (to Allah).	وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٥﴾	اور یہ کہ قائم رکھو اپنے آپ کو دین (اسلام) پر یکسو ہو کر اور ہرگز نہ ہو جانا تم مشرکوں میں سے ﴿١٠٥﴾
106. And do not call upon, besides Allah, that which neither benefits you, nor harms you. For if you did, so indeed, you would then be of the wrongdoers.	وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾	اور مت پکارو اللہ کو چھوڑ کر اُن کو جو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں تمہیں اور نہ نقصان۔ پس اگر کہیں کیا تم نے ایسا تو یقیناً ہو جاؤ گے تم ایسی صُورت میں ظالموں میں سے ﴿١٠٦﴾

107. And if Allah afflicts you with adversity, then there is none who can remove it except Him. And if He intends for you good, then there is none who can repel His bounty. He causes it to reach whomever He wills of his slaves. And He is the Oft-Forgiving, Most Merciful.	وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾	اور اگر پہنچائے تم کو اللہ کوئی تکلیف تو نہیں ہے کوئی دُور کرنے والا اُس کا مگر وہی اور اگر پہنچانا چاہے تمہیں کوئی بھلائی تو نہیں ہے کوئی پھیرنے والا اُس کے فضل کو وہ پہنچاتا ہے اپنا فضل جس کو چاہے اپنے بندوں میں سے اور وہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿۱۰۷﴾
108. Say (O Muhammad): "O mankind, the truth has indeed come to you from your Lord. Then whoever is guided, so he is guided only for (the good of) his own self. And whoever goes astray, so he goes astray only to his own (loss). And I am not a custodian over you.	قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾	کہو، اے انسانو! یقیناً آچکا ہے تمہارے پاس حق تمہارے رب کی طرف سے پس جو ہدایت حاصل کرتا ہے تو درحقیقت وہ ہدایت پاتا ہے اپنے ہی فائدے کے لیے اور جو گمراہ ہوگا تو درحقیقت اُس کی گمراہی کا نقصان اُسی کو پہنچے گا اور نہیں ہُوں میں تم پر کوئی داروغہ ﴿۱۰۸﴾
109. And (O Muhammad) follow that which is revealed to you, and remain patient until Allah gives judgment. And He is the Best of those who judge.	وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾	اور پیروی کیے جاؤ (اے رسولؐ!) اُس کی جو وحی کیا گیا ہے تمہاری طرف اور صبر کرو یہاں تک کہ فیصلہ کردے اللہ، اور وہی ہے بہترین فیصلہ کرنے والا ﴿۱۰۹﴾



Houd

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Alif. Lam. Ra. (This is) a Book, the verses whereof are perfected, then explained in detail, from one who is All Wise, Well Informed.	الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ①
2. That you do not worship except Allah. Indeed, I am to you from Him a warner and a bringer of good tidings.	اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۙ②
3. And that you seek forgiveness of your Lord, then you turn to Him in repentance. He will let you enjoy a fair provision for a term appointed. And He will bestow His bounty on everyone who merits favor. And if you turn away, then indeed, I fear for you the punishment of a great Day.	وَّ اَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۙ③

الف۔لام۔را۔ کتاب ہے کہ محکم کی گئی ہیں اس کی آیات پھر
کھول کھول کر بیان کر دی گئی ہیں حکیم و خبیر کی طرف سے ①
کہ نہ عبادت کرو تم مگر اللہ کی۔ یقیناً میں ہوں تمہارے لیے
اس کی طرف سے خبردار کرنے والا اور بشارت دینے والا ②
اور یہ کہ بخشش چاہو اپنے رب سے پھر پلٹ آؤ تم اس کی طرف،
دے گا وہ تمہیں بہترین سامانِ زندگی ایک وقتِ مقرر تک
اور دے گا ہر زیادہ عمل کرنے والے کو اس کا زائد اجر
اور اگر تم منہ پھیرو گے تو میں ڈرتا ہوں
تمہارے حق میں ایک بڑے (ہولناک) دن کے عذاب سے ③

4. Unto Allah is your return. And He is Able to do all things.	اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝	اللہ ہی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۝
5. Behold, indeed they fold up their breasts, that they may hide from Him. Behold, (even) when they cover themselves with their garments, He (Allah) knows what they conceal and what they proclaim. Indeed, He is the All Knower of what is (secret) in the breasts.	اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝	دیکھو! یہ لوگ موڑتے ہیں اپنے سینوں کو تاکہ یہ چھپ جائیں اس (اللہ) سے خبردار جس وقت ڈھانپتے ہیں یہ لوگ خود کو کپڑوں سے وہ جانتا ہے ہر وہ بات جو یہ چھپاتے ہیں اور وہ بھی جو ظاہر کرتے ہیں صورتِ حال یہ ہے کہ وہ پوری طرح باخبر ہے سینے کے بھیدوں سے ۝